# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

## (شعبہ قرآن و تفسیر)

### وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: قصص القرآن۔ (1972) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی۔ ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 (یونٹ: 1تا5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ قرآن مجید میں مذکور ماضی کے قصوں پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قرآن مجید میں مذکور غیر انبیاو مرسلین شخصیات میں سے مذموم شخصیات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ جنت سے آدم علیہ السلام کے نکلنے، رجوع الی اللہ اور توبہ قبول کیے جانے پر قرآن مجید کی آیات کی روشنی میں تجزیہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ نوح علیہ السلام کے بارے میں قرآنی مندرجات اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہوئے قصۂ نوح میں موجود حکمتیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کے بت پرستوں اور ستارہ پرستوں کو جو دعوت دی اس پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 (یونٹ: 6تا9) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ یوسف علیہ السلام کا تعارف، قصۂ یوسف کی خصوصیات اور اس قصے کی سیرتِ رسول ﷺ سے مماثلت کی توضیح کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قرآن مجید کی روشنی میں موسیٰ علیہ السلام کی بعثت سے خروجِ مصر تک کے واقعات تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ بنی اسرائیل پر اللہ کے انعامات اور بنی اسرائیل کے ردعمل پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ قصہ عیسیٰ علیہ السلام میں موجود عبرتیں اور حکمتیں تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قرآن مجید کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے قبل از بعثت زندگی پر نوٹ تحریر کیجیے۔ (20)